الحکم للہ والملک للہ

لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۱۷ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۰ جمادی الثانی سنہ ۱۳۳۴ھ مطابق ۲۴ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء | جلد ۲۸

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	نسبت ٹکٹ طلبی اسناد کے سلسلہ	۱ و ۲
۲	تبادلہ وترقی و تقرر بعض ملازمان مال	۲ و ۳
۳	رخصت نائب تحصیلدار بلاسپور	۳
۴	رخصت بانکے بہاری لال اہلمد	۳
۵	رخصت صاحبزادہ سید سعید احمد خان	۳
۶	رخصت صاحب مجسٹریٹ بہادر ضلع	۳
۷	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۹ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء

جن مسلوں کا حوالہ کاغذات میں ہے وہ ایک ہی سلسلہ کی ہیں۔ لہذا بموجب قاعدہ ۶۲ قواعد حامدیہ ایک روپیہ کا ٹکٹ طلبی کافی ہے اور آیندہ بھی مطابق قواعد حامدیہ عمل رہنا چاہیے۔ کاغذ صاحب ریونیو سکرٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

[illegible]

اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

بغرض — میرساند

جناب عالی

کاغذات ہر رشتہ مین عدالت ججی سے ایک مقدمہ مین بہ استدعاے فریق پرچند اسناد طلب ہین - اور ٹکٹ طلبی مثل ایک روپیہ کا ہے - محافظ خانہ صدر سے یہ کہا گیا کہ تین روپیہ کا ٹکٹ اور داخل ہو جاے تو چار دن اسناد مطلوبہ بہیجی جائین - عدالت ججی اور جوڈیشل سے یہ تحریر آئی کہ بشمار قاعدہ ۶۲ قواعد حامدیہ جبکہ اسناد ایک ہی ساتھ طلب ہون تو فی مثل ایک روپیہ کا ٹکٹ ہوگا - یہ اسناد ایک ہی سلسلہ کی ہین لیکن محافظ دفتر صدر کی رپورٹ ۴ اپریل ۱۹۱۶ء مفصل ہے جسکے ہمراہ اصل سرکلر مشتہرہ گزٹ ۲۰ ستمبر ۱۸۸۹ء عہد کونسل بہی شامل ہے جسکے حرف الف مین عمومیت کے ساتہ ہر مثل پر ایک روپیہ کا ٹکٹ لیا جانا لکہا ہے - محافظ خانہ صدر مین اسیپر عمل درآمد ہے - اور محافظ دفتر صدر نے یہ بہی عرض کیا ہے - قاعدہ ۵ قواعد حامدیہ کی رو سے جو احکام سابق منسوخ ہوے ہین جو متعلق رسوم عدالت ہین یہ فیس طلبی مثل کی اس سے جدا ہے - چونکہ طرز عمل محافظ خانہ صدر اور قاعدہ ۶۲ جداجدا صورت رکہتے ہین لہذا جملہ کاغذات براے صدور حکم ابلاغ حضور ہین - جسطرح اس بارہ مین ارشاد ہو تعمیل کیجاے -

[illegible]

روبکار اجلاس صاحب ریوینیو سکریٹری بہادر
واقعہ ۱۵ اپریل ۱۹۱۶ء

چونکہ منشی فدا علی پیشکار اجلاس صاحب اسسٹنٹ اپنی سابقہ تنخواہ ۴۰ ماہوار پر رجسٹراری پر واپسی چاہتے ہین اور بجاے انکے صاحب اسسٹنٹ سید جعفر علی اہلمد کو پیشکاری پر لینا چاہتے ہین اس انتظام کی

اجلاس ہمایون سے منظوری ۱۰ اپریل کو صادر ہو چکی ہے -

لہذا حکم ہوا کہ

منشی سید جعفر علی اہلمد اپیل اجلاس مشاہرہ دار ۲۵ ماہوار ۳۰ روپیہ ماہوار پر پیشکاری اسسٹنٹی پر تبدیل ہون - تاریخ لینے چارج سے سید جعفر علی تیس روپیہ ماہوار تنخواہ پائینگے - فدا علی پیشکار اسسٹنٹی اپنی سابقہ تنخواہ ۴۰ ماہوار پر رجسٹراری ملک پر تبدیل ہو - پیارے لال رجسٹرار قانونگوی ملک اپنی موجودہ تنخواہ پر بجاے کشن کنوار رجسٹرار قانونگوی رامپور تبدیل ہو - کشن کنوار رجسٹرار رامپور اپنی موجودہ تنخواہ پر رجسٹرار قانونگوی [illegible] پر تبدیل کیا جاے کیونکہ کشن کنوار کا کام جسکا معائنہ ہوا اتنی خراب ملاحظہ کیا - بالخصوص کاغذی کام رجسٹرار اسسٹنٹی بالکل نامکمل و بے ترتیب تہا لہذا کشن کنوار کو ہدایت کیجاتی ہے کہ اپنا متعلقہ کام محنت و مستعدی سے کرین اگر آئندہ مین انکی شکایت سنی گئی تو انکے متعلق حکم مناسب دیا جائیگا - جب مہتمم بندوبست ۳ ماہ کے بعد تحقیق کرکے اطلاع دینگے کہ کشن کنوار نے کیسا کام انجام دیا - بجاے سید جعفر علی اہلمد اپیل - محمد جانخان اہلمد باضافہ دو روپیہ ماہوار ۲۷ ماہوار پر جو سید جعفر علی کو ملتے تہے منتقل کیا جاے - اور بجاے محمد جانخان شانتا پرشاد اہلمد وثیقہ باضافہ ہوکر بیس روپیہ ماہوار پر منتقل ہو - اور بجاے شانتا پرشاد اہلمد محمد رضا خان اہلمد نزول متعلقہ صدر ماہوار پر اجلاس مین تبدیل ہو - بجاے محمد رضا خان اہلمد جوالا پرشاد معاون مشاہرہ دار ۱۵ ماہوار ماہوار پر جو محمد رضا خان کو ملتے تہے اہلمد نزول مقرر کیا جاے محمد رضا خان کو اجلاس مین اور جوالا پرشاد کو اہلمد نزول کا کام محنت و مستعدی و دیانتداری انجام دینا چاہیے - اگر کام کی شکایت ہوئی تو حکم مناسب دیا جائیگا - بجاے جوالا پرشاد نہال الدین خان معاون صدر ۱۰ ماہوار پر منتقل ہو - اور بجاے نہال الدین خان مشاہرہ دار ۸ کے غلام ربانی بمشاہرہ ۸ ماہوار

معاون مقرر کیا جائے۔ نہال الدین کا اضافہ و غلام ربانی کا تقرر سلسلہ مکتوبہ لکھا گیا ہے۔ لیکن ان ہر دو اہلکاران سے جس مد پر مناسب ہو کام لیا جائے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ نقل روبکار ہذا بخدمت صاحب مہتمم بندوبست مرسل ہو۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۵؍اپریل ۱۹۱۶ء

رخصت ایک ہفتہ یوسف علیخان نائب تحصیلدار بلاسپور من ابتدائے ۱۵؍ لغایت ۲۱؍اپریل ۱۹۱۶ء منظور کیگئی۔ بوجہ علالت

۱۸؍اپریل ۱۹۱۶ء

رخصت دس یوم بانکے بہاری لال اہلمد اجلاس ۲۲؍اپریل سنہ حال سے بضرورت شرکت شادی بمقام بجنور منظور کیگئی۔

رخصت

۱۹؍اپریل ۱۹۱۶ء

رخصت مزید دو ماہ صاحبزادہ سغیر احمد خان اہلمد دفتر انگریزی کی بلا تنخواہ بانتظام سابقہ منظور کیگئی۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۱۹؍اپریل سنہ ۱۹۱۶ء

منشی خان بہادر سید رضا حسین صاحب مجسٹریٹ ضلع کی رخصت ایک ہفتہ ۲۵؍اپریل سنہ حال سے منظور کیگئی۔ ایام رخصت میں صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول اُن کا معمولی کام کرینگے سماعت اور تصفیہ مقدمات کی کارروائی تا واپسی صاحب مجسٹریٹ ضلع ملتوی رہیگی۔

حکم ہے کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۱۶ لغایت ۲۲ اپریل ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۹ سار		۱۰ سار	۹ سار		۱۰ سار	
نخود خالص	۱۲ سار		۱۲ سار	۱۳ سار		۱۲ سار	
نخود کسہ آمیز	۱۳ سار		۱۳ سار	۱۳ سار		۱۳ سار	
کسر	۰		۱۴ سار	۱۴ سار		۱۳ سار	
ماش	۷ سار		۷ سار	۷ سار		۷ سار	
مونگ	۷ سار		۷ سار	۷ سار		۷ سار	
مکا	۱۸ سار		۱۶ سار	۱۷ سار		۱۷ سار	
جئی	۰		[illegible]	۱۵ سار	۰	۱۴ سار	
گوجئی	۰		۱۲ سار	۱۲ سار		۱۴ سار	
عدس	۱۰ سار		۱۱ سار	۱۰ سار		۱۱ سار	
ارہر	۱۰ سار		۱۳ سار	۰		۱۱ سار	
برنج	۶ سار		[illegible]	۶ سار		۷ سار	
روغن زرد	۰		[illegible]	[illegible]		[illegible]	
روغن سیاہ	۲ سار		۲ سار	۲ سار		۳ سار	
روغن کنجد	[illegible]		۲ سار	۱ سار		۱ سار	
نمک سانبھر	۱۰ سار		۱۲ سار	۱۲ سار		۱۳ سار	
نمک لاہوری	۰		۱۱ سار	۸ سار		۱۳ سار	
قند سیاہ	۵ سار		۵ سار	۵ سار		۶ سار	
باجرہ	۱۲ سار		۱۱ سار	۰		۰	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور